SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# REBUTTAL

For immediate release
December 19, 2018

## ایس ای سی پی کی سوشل میڈیا پر چلنے والی خبر کی تردید

اسلام آباد(19 دسمبر)سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی اس خبر کی سختی سے تردید کی ہے جس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ ایس ای سی پی نے اینگرو پولیمر اینڈ کیمیکلز لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو کے خلاف کرمینل کیس فائل کیا ہے۔

ایس ای سی پی کے ترجمان عامر خان کا کہنا ہے کہ وٹس ایپ پر گردش کرنے والی یہ خبر من گھڑت اور بے بنیاد ہے۔ایس ای سی پی نے ایسا کوئی کیس دائر نہیں کیا ہے۔عامر خان نے کہا ایس ای سی پی سکیورٹیز ایکٹ کے تحت اس معاملے کی تحقیقات کرے گا۔اس میں ملوث افراد کی نشان دہی اور انسداد الیکٹرانک کرائم ایکٹ(PECA) کے تحت کارروائی کے لئے قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں سے بھی رابطہ کیا جائے گا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005